© rasailojaraid.com



ترجمے، تدوین اور اشاعت میں واضح طور پر ایک علمی معیار برقرار رکھنے کی کوشش قابل قدر اور باعث طمانیت ہے۔ (ر - ہ)

**اسلام کی اخلاقی تعلیمات** : عرفان حسن صدیقی۔ ناشر: اسلامک پبلی کیشنز، ۱۳۔ای شاہ عالم مارکیٹ، لاہور۔ صفحات: ۳۲۶۔ قیمت: ۸۰ روپے۔

یہ کتاب فضل سلمان ٹرسٹ کے زیر اہتمام ایک بڑے منصوبے کا اہم حصہ ہے۔ مکمل منصوبہ قرآن حکیم کا ایک موضوعاتی اشاریہ (subject - wise index) مرتب کرنا ہے تاکہ ایک ہی نظر میں یہ معلوم ہو جائے کہ رب علیم و حکیم نے انسان کی دنیوی و اخروی زندگی کی فلاح کے لیے کیا کیا احکامات و ہدایات قرآن حکیم میں کس کس جگہ پر دے دی ہیں۔ اس سلسلے میں مختلف مکاتیب فکر کی نمایندگی کرنے والی ۱۲ تفاسیر سے استفادہ کیا گیا ہے۔

کتاب کا موضوع اخلاق اور تعمیر سیرت و کردار ہے۔ ابواب اور بعض ضمنی عنوان اس طرح ہیں: اسلام کا نظریہ حیات اور مقصد حیات۔ اسلام کے عباداتی، معاشرتی، معاشی، معاملاتی اور ذاتی ضوابط اخلاق۔ بعثت رسول ؐ کے وقت کی اخلاقی حالت۔ اخلاق انبیا ؑ، اخلاق نبوی ؐ، اخلاق صحابہ ؓ۔ فضائل اخلاق، رذائل اخلاق۔ تاریخ انسانی سے اچھے اور برے کرداروں کی مثالیں۔

انداز پیش کش یہ ہے کہ ایک ایک موضوع کو لے کر اس کے بارے میں تمام قرآنی آیات، اور ان کے علاوہ اکثر مقامات پر احادیث اور تاریخ اسلام سے منتخب ہدایات و واقعات شامل کیے گئے ہیں۔ درمیان میں کہیں کہیں مصنف نے اپنی طرف سے بھی کچھ وضاحتیں کی ہیں اور موضوعات کا تعارف کرایا ہے۔ اگر ایک موضوع کی کئی قرآنی آیات ہیں تو ان میں سے چند تو کتاب میں نقل کی گئی ہیں اور باقی کے صرف سورۃ نمبر اور آیت نمبر دیے گئے ہیں۔ لہٰذا بھرپور استفادے کے لیے ضروری ہے کہ قاری، قرآن مجید کا ایک باترجمہ نسخہ مطالعے میں ساتھ رکھے اور متعلقہ آیات کا مطالعہ کرتا رہے۔ اس اہتمام سے اس کتاب کا مطالعہ کرنے والا محسوس کرے گا کہ یہ کتاب قرآن کی تمام اخلاقی تعلیمات کو موضوع وار جاننے کے لیے ایک کنجی کی حیثیت رکھتی ہے۔

مجموعی طور پر اس کتاب کی عبارت صاف اور سلیس ہے۔ طباعت عمدہ ہے۔ فہرست میں عنوانات کے سامنے صفحہ نمبر درج نہیں، یہ ایک قابل ذکر کوتاہی ہے۔ (ڈاکٹر بلال مسعود)

**سفر شوق** : فرید احمد پراچہ۔ ناشر: شہ تاج مطبوعات، ۱/۲۸ بیسمنٹ، پیسہ اخبار مرکز، لاہور۔

© rasailojaraid.com